★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 7 جمادی الثانی 1446ھ 10 دسمبر 2024ء 24 مگھر 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 55

قرآن الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کا بیجنگ میں مصروفیت سے بھرپور دن گزارا، 5 وزٹ، 5 ملاقاتیں اور ایم او یو

چینی کمپنی پنجاب میں روبوٹک زرعی آلات مینوفیکچرنگ پلانٹ لگائیگی، ایم او یو پر دستخط، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے جدید روبوٹک زرعی آلات کا معائنہ کیا

اے آئی فورس ٹیک کے بانی ڈاکٹر ہان کی ملاقات، روبوٹک مشینری اور ٹولز متعارف کرانے کے عزم کا اظہار، تعاون کی یقین دہانی، چینی وفد جلد دورہ کریگا

بلیوٹیک کلین ایئر الائنس ڈیپارٹمنٹ کا دورہ، چیئرمین زی ہونگ شنگ سے ملاقات، حکومت پنجاب اور بلیوٹیک کلین ایئر الائنس کے درمیان ایم او یو پر دستخط

موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے فضائی آلودگی کے انسداد کے جدید ترین طریقہ کار پر گفتگو، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پنجاب میں موسمیاتی تبدیلی کے سدباب کیلئے حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دورہ چین کے پہلے روز بیجنگ میں مصروفیت سے بھرپور دن گزارا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک ہی دن میں 5 وزٹ اور 5 ملاقاتیں کیں اور متعدد ایم او یو پر دستخط بھی کئے گئے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سب سے پہلے روبوٹک زرعی آلات بنانے والی کمپنی اے آئی فورس ٹیک ہیڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف شام سے پاکستانی شہریوں کے انخلا کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شام سے متعلق پاکستان کے اصولی موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، دفتر خارجہ

پاکستان نے ہمیشہ شام کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کی حمایت کی ہے، ترجمان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ شام سے متعلق پاکستان کے اصولی موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، شام میں بدلتی ہوئی صورتحال کا بہ غور جائزہ لے رہے ہیں اور پاکستان نے ہمیشہ شام کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کی حمایت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

اسحاق ڈار کا ترک وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ، شام کی صورتحال پر تبادلہ خیال

ہم منصب کو شام میں پھنسے پاکستانی شہریوں کی سکیورٹی اور سلامتی کے لیے کی جانے والی کوششوں کے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے شام کی صورتحال پر ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلیفون پر بات چیت کی جہاں دونوں وزراء نے پھنسے ہوئے پاکستانی شہریوں کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے ترکیہ کے ہم منصب کو شام میں پھنسے پاکستانی شہریوں کی سکیورٹی اور سلامتی کے لیے کی جانے والی کوششوں کے متعلق آگاہ کیا۔ دونوں وزراء نے شام میں پھنسے ہوئے پاکستانی شہریوں کی مدد کے لیے ممکنہ تعاون کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ دوسری جانب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

عدلیہ کا وقار مجروح نہیں ہونے دیں گے

چیف جسٹس

چیف جسٹس کی زیر صدارت اجلاس میں بلوچستان کے لیے ذیلی کمیٹی کے قیام کی منظوری دی گئی، ذیلی کمیٹی مختلف جیلوں کا دورہ کرے گی، نظام کو بہتر بنانے کے مقصد سے اصلاحات کا ایک جامع پیکیج پیش کرے گی

اجلاس میں اصلاحی نظام سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا، ضلعی عدلیہ کو بہتر بنانے اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے چیف جسٹس پاکستان نے ذاتی دوروں کا فیصلہ کیا

گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) انصاف کی جلد فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کا اہم قدم، چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے دور دراز اضلاع کے دوروں کا فیصلہ کر لیا۔ عدالتی اصلاحات پر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت گوادر میں اجلاس ہوا، اجلاس میں اصلاحی نظام سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا، ضلعی عدلیہ کو بہتر بنانے اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے چیف جسٹس پاکستان نے ذاتی دوروں کا فیصلہ کیا، چیف جسٹس پاکستان موقع پر پہنچ کر مسائل کا تدارک کریں گے۔ سپریم کورٹ کے اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس پاکستان نے آج گوادر کا دورہ کیا، تربت، پنجگور اور چاغی سمیت دیگر اضلاع کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز نے چیف جسٹس سے ملاقات کی، ملاقات میں چیف جسٹس پاکستان نے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ اعلامیہ سپریم کورٹ کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے عدالتی افسران کے وقار کو مقدم رکھنے کا عزم کیا، چیف جسٹس پاکستان نے متعلقہ ہائیکورٹس کو دور دراز کی ضلعی عدلیہ کو توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت کی اور دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے عدالتی افسران کی خدمات کو سراہا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پورے ملک کی عدلیہ کا وقار مجروح نہیں ہونے دیں گے، دور دراز کی عدلیہ خصوصی توجہ کی متقاضی ہے۔ سپریم کورٹ کے اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس کی زیر صدارت اجلاس میں بلوچستان کے لیے ذیلی کمیٹی کے قیام کی منظوری دی گئی، ذیلی کمیٹی مختلف جیلوں کا دورہ کرے گی، نظام کو بہتر بنانے کے مقصد سے اصلاحات کا ایک جامع پیکیج پیش کرے گی۔ اجلاس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس ہاشم خان کاکڑ بھی شریک ہوئے، مانیٹرنگ جج برائے جیل خانہ جات جسٹس عبداللہ بلوچ نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

نوجوان نسل کرپشن سے پاک مستقبل کی مستحق ہے، وزیر اعظم شہباز شریف

اپنی آنے والی نسلوں کے لیے شفاف، جوابدہ معاشرے کے قیام کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے، پیغام جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے 'انسداد کرپشن' کے عالمی دن کے موقع پر پیغام جاری کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کرپشن گھناؤنا عنصر ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہماری نوجوان نسل ایسے مستقبل کی مستحق ہے جو کرپشن سے پاک ہو۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ اپنی آنے والی نسلوں کے لیے شفاف، جوابدہ معاشرے کے قیام کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پنجاب حکومت بدعنوانی کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے پُرعزم ہے، مریم نواز

کرپشن صرف اخلاقی زوال نہیں بلکہ قوم کی ترقی کی قاتل ہے، اینٹی کرپشن ڈے پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت بدعنوانی کے ناسور کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ اینٹی کرپشن ڈے پر ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ کرپشن صرف اخلاقی زوال نہیں بلکہ قوم کی ترقی کی قاتل ہے، کرپشن نہ صرف قومی وسائل کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی متزلزل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روز اول سے بدعنوانی کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج انسداد بدعنوانی کا عالمی دن منایا گیا

دن منانے کا مقصد دنیا کی توجہ رشوت اور کرپشن جیسی برائی کے پھیلاؤ کی طرف مبذول کرانا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پیر کو انسداد کرپشن کا عالمی دن منایا گیا۔ اقوام متحدہ نے اس عالمی دن کو منانے کا فیصلہ اکتوبر 2003ء

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بیجنگ میں اے آئی فورس ٹیک کے جدید ترین روبوٹک ٹریکٹر کا معائنہ کر رہی ہیں

مدارس سب کیلئے قابل قبول حل نکالنے کی کوشش کریں گے

وفاقی وزیر اطلاعات

مدارس سے متعلق بل پیچیدگیوں کے باعث قانونی شکل اختیار نہیں کر سکا، وزیر اطلاعات و نشریات قوم کا بہت بڑا بوجھ مدارس نے اٹھا رکھا ہے، رجسٹریشن کا مقصد مدارس کو کنٹرول کرنا نہیں، وزیر تعلیم مقبول صدیقی

مدارس کا معاملہ مذہبی ہے، اسے اکھاڑا نہ بنایا جائے، سربراہ اسلامی نظریاتی کونسل راغب نعیمی ..... مدارس کا موجودہ نظام برقرار رکھا جائے، طاہر اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مدارس سے متعلق بل پیچیدگیوں کے باعث قانونی شکل اختیار نہیں کر سکا، مدارس پر فضل الرحمن سمیت سب کے لیے قابل قبول حل نکالنے کی کوشش کریں گے۔ مدارس کی رجسٹریشن و اصلاحات سے متعلق علماء و مشائخ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وفاق المدارس کے سرپرست اعلیٰ مولانا فضل رحیم اشرفی سے ملاقات کر رہے ہیں

کرپشن کو لگام دینے والے بانی پی ٹی آئی قید میں ہیں، بیرسٹر سیف

ہمیں ملک پر مسلط کرپٹ سیاسی خاندانوں سے چھٹکارا پانے کا عہد کرنا ہوگا، عالمی دن پر پیغام

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ کرپشن کو لگام دینے والے بانی پی ٹی آئی کو قید میں رکھا گیا ہے۔ انسداد کرپشن کے عالمی دن کے موقع پر جاری کیے گئے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ عشروں سے مسلط

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

فوجی عدالتوں میں سویلینز ٹرائل، سماعت مؤخر کرنے کی درخواست خارج

جو لوگ جیلوں میں پڑے ہیں ان کا سوچیں، آپ کا تو اس کیس میں حق دعویٰ نہیں بنتا، جسٹس مسرت ہلالی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے کیس کی سماعت مؤخر کرنے کی درخواست خارج کر دی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے درخواست خارج کی۔ عدالت نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کی رکنیت بحال کر دی گئی

سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 12 دسمبر تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کی رکنیت بحال کر دی۔ جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے عادل بازئی کو ڈی سیٹ کرنے کا 21 نومبر کا الیکشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی اڈیالہ جیل پہنچ گئیں

بشریٰ بی بی کے دونوں کیسز میں وارنٹ گرفتاری جاری ہو چکے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی اڈیالہ جیل پہنچ گئیں۔ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس اور توشہ خانہ کیس ٹو کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوگی۔ بشریٰ بی بی کے دونوں کیسز میں وارنٹ گرفتاری جاری ہو چکے ہیں۔ عدالت نے مسلسل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

حکومت مدارس کے حقوق بار معاملے کو سیاسی اکھاڑا نہ بنائے

فضل الرحمان

مدارس کے ایک ایک طالبعلم اور استاد کی جنگ لڑ رہے ہیں، قرآنی علوم، فقہ کے علوم ہوں یا حدیث کے علوم ہم ان کے تحفظ کی بات کر رہے ہیں

ہم کسی بھی لحاظ سے ریاست کے خلاف تصادم نہیں چاہتے ہیں، ہم مدارس کی رجسٹریشن چاہتے ہیں، اس کے لیے ہمیں رجسٹریشن سے دھکیلا جا رہا ہے

چارسدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12



چارسدہ، مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں



لاہور، سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل سے امریکی ایمبیسی اسلام آباد کے انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لا انفورسمنٹ بیورو کی کیری بسائسٹ ملاقات کر رہی ہیں

ہمیں اپنی رفتار کو تیز کر کے 77 سالوں کا نقصان پورا کرنا ہے، احسن اقبال

پاکستان کی آبادی میں اضافہ تیز، وسائل گھٹ رہے، گالم گلوچ تباہی کا راستہ ہے، ملکی استحکام کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے

آج ہمیں سنجیدگی کے ساتھ بحیثیت قوم سوچنا ہوگا، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی کا نجی یونیورسٹی میں دوسری انٹرنیشنل کانفرنس سے خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29



لاہور، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال دوسری سالانہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور، کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے عمر ایوب کی راہداری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور کرتے ہوئے پولیس کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار کرنے سے روک دیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے عمر ایوب کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

مدارس بل پر حکومتی رابطے تیز، محسن نقوی کی وفاق المدارس کے سرپرست سے ملاقات

وزیر داخلہ کی جامعہ اشرافیہ آمد، مولانا فضل رحیم اشرفی کی خیریت دریافت کی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وفاق المدارس کے سرپرست اعلیٰ مولانا فضل رحیم اشرفی اور دیگر اکابرین سے ملاقات کی، جس میں دینی مدارس کے بل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی جامعہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

نیب صرف انتقامی کارروائیوں کیلئے استعمال ہو رہی ہے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

تھانوں میں رشوت چلتی ہے، پٹواری بھی پیسے لیتا ہے، لوگوں کو بتایا جاتا ہے کہ 8 کروڑ جمع کرا دو تو جیل نہیں جاؤ گے، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ قومی احتساب بیورو (نیب) پر اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں اور وہ کرپشن کو پروموٹ کرتا ہے، نیب صرف انتقامی کارروائیوں کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

سندھ ہائیکورٹ، 26 ویں ترمیم کے خلاف درخواستوں کی فوری سماعت کی استدعا منظور

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں کی فوری سماعت کی استدعا منظور کر لی۔ سندھ ہائی کورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کی خلاف درخواستوں کی سماعت کے دوران چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ نے ریمارکس میں کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہیں، رانا مبشر اقبال

رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد، مسائل سنے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال کی جانب سے پبلک سیکرٹریٹ خیابان امین میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ رکن پنجاب اسمبلی رانا راشد منہاس، رکن پنجاب اسمبلی میاں عمران جاوید سمیت سینکڑوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

پی ٹی آئی احتجاج: شیر افضل مروت کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانتیں منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد دہشتگردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کو ڈی چوک احتجاج پر درج 3 مقدمات میں 5، 5 ہزار مچلکوں کے عوض عبوری ضمانتیں دیدی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے پی ٹی آئی رہنما

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کا نوٹس لے لیا

میر سرفراز بگٹی نے اوچ میں گرلز اسکول کے فوری طور پر قیام کی منظوری دے دی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کا نوٹس لے لیا۔ ذرائع کے مطابق اوچ سے میرزادی نامی بچی نے ویڈیو پیغام کے ذریعے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسکول کے قیام کا مطالبہ کیا تھا۔ بچی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

انور مقصود نے پاک بحریہ سے معافی مانگ لی، اپنے اغوا کی خبروں کی تردید

کبھی شہیدوں کے ساتھ مذاق نہیں کیا، میری بات سے کسی کو دکھ ہوا تو معافی کا طلب گار ہوں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) لیجنڈ مصنف، ڈراما ساز اور مزاح نگار انور مقصود نے پاک نیوی کی جانب سے انہیں اٹھائے جانے کی خبروں کی تردید کرتے کہا ہے کہ میں 60 سال سے لکھ اور پڑھ رہا ہوں لیکن کبھی شہیدوں کے ساتھ مذاق نہیں کیا، میری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

ملک کے بالائی علاقوں میں برفباری کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری

ناران، کاغان، شوگران، وادی نیلم سمیت آزاد کشمیر کے پہاڑوں پر برف باری سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ

ناران (این این آئی) ملک کے بالائی علاقوں میں برف باری کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے، سیاحتی مقام ناران، کاغان، شوگران، وادی نیلم سمیت آزاد کشمیر کے پہاڑوں پر برف باری سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے، استور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

اسحاق ڈار سے مصری امیدوار برائے ڈائریکٹر جنرل یونیسکو کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے مصری امیدوار برائے ڈائریکٹر جنرل یونیسکو ڈاکٹر خالد العینی نے پیر کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے پاکستان اور مصر کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات اور ان تعلقات کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی کا فرحت اللہ بابر کے بھائی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر فرحت اللہ بابر کے بھائی کی فاتحہ خوانی کے لیے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پیپلز پارٹی کے میڈیا آفس مساوات بلڈنگ پہنچے جہاں انہوں نے فرحت اللہ بابر سے انکے بھائی خضر عابد بابر اور موسیٰ عابد بابر کے والد، سابقہ اکاؤنٹنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

چترال، امریکی شہری کا تاریخ کی سب سے بڑی بولی دے کر مارخور کا شکار

کشمیری مارخور کا شکار توشی کے مقام پر کیا گیا، مارخور کے سینگوں کی لمبائی 49 انچ ہے، محکمہ وائلڈ لائف

چترال (این این آئی) امریکی شکاری نے تاریخ کی سب سے بڑی بولی 2 لاکھ 71 ہزار امریکی ڈالرز (ساڑھے 7 کروڑ پاکستانی روپے) دے کر کشمیری مارخور کا شکار کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چترال کے توشی شاشا کمیونٹی کے زیر انتظام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18



گوادر، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی عدالتی اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب حکومت نے شہریوں کے لیے مفت سولر اسکیم کا آغاز کر دیا

200 یونٹ استعمال کرنے والوں کو 1100 واٹ کے سولر پینل فراہم کیے جائیں گے، کرائے دار بھی مستفید ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے شہریوں کے لیے مفت سولر اسکیم کا آغاز کر دیا، 200 یونٹ استعمال کرنے والوں کو 1100 واٹ سولر پینل فراہم کیے جائیں گے۔ 100 یونٹ ماہانہ صرف کرنے والے صارفین کو 550 واٹ کا سولر سسٹم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

فارم 47 کی حکومت کو عوام کے مسائل کا علم نہیں، حافظ نعیم الرحمان

آئین نے ہر ادارے کا ایک ضابطہ طے کیا ہے، سب کی ذمہ داری ہے اس کی پیروی کریں، پاکستان کی معیشت کا پورا انحصار عوام کو ریلیف دینے اور ٹیکسز کم کرنے میں ہے

آئی پی پیز سے بات ہو رہی ہے لیکن بجلی کے ریٹ کم نہیں ہو رہے، اس کا اثر بجلی کے بلوں میں آنا چاہیے، انرجی بحران بہتر ہوں گے تو ایکسپورٹ بہتر ہوں گی

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت کو عوام کے مسائل کا علم نہیں۔ کراچی میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت نے گندم کی امدادی قیمت مقرر کرنے کی پالیسی ترک کر دی

آئی ایم ایف اجناس کی قیمتوں کے تعین میں حکومتی کردار کی مخالف ہے

لاہور (این این آئی) حکومت نے عالمی مالیاتی فنڈ کی ایک اور شرط پر عملدرآمد شروع کرتے ہوئے گندم کی امدادی قیمت مقرر کرنے کی پالیسی ترک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

ماہرین معیشت نے سول نافرمانی کو ملک سے غداری قرار دے دیا

سول نافرمانی ملک کے حق میں نہیں، مختلف شعبوں کے ماہرین کا اظہار خیال

کراچی (این این آئی) ماہرین معیشت نے سول نافرمانی کو ملک سے غداری قرار دے دیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر احمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

سردی کی شدت میں اضافہ، کراچی میں پارہ 10 ڈگری تک آگیا

محکمہ موسمیات نے سردی کی لہر 14 دسمبر تک جاری رہنے کی پیش گوئی کر دی

کراچی (این این آئی) ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی سردی نے ڈیرے ڈال لیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کیلئے کوشاں ہیں، چوہدری شافع حسین

فیشن ڈیزائننگ میں معروف فیشن ڈیزائنر محمود بھٹی کی خدمات سے استفادہ کیا جائے گا، صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین

سرکاری سکولوں میں میٹرک ٹیک اور میٹرک ووکیشنل متعارف کرانے کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں اجلاس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21



لاہور، وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو ایکسپریس	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ٹھوکر انٹری پوائنٹ دورہ کے موقع پر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت کو لیوایبل سٹی بنانے کیلئے ایل ڈی اے کے اقدامات جاری

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا جی ون مارکیٹ جوہر ٹاؤن اور ٹھوکر انٹری پوائنٹ کا دورہ، جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

ٹھوکر انٹری پوائنٹ شہر کا سب سے خوبصورت انٹری پوائنٹ بنے گا، سڑک پر اسفالٹ اور توسیع سے شہریوں کو بڑا ریلیف ملا ہے، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (خبر نگار) زیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت کو لیوایبل سٹی بنانے کے لئے ایل ڈی اے کے اقدامات جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے جی ون مارکیٹ جوہر ٹاؤن اور ٹھوکر انٹری پوائنٹ کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ٹھوکر انٹری پوائنٹ پر جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ ٹھوکر انٹری پوائنٹ کے اہم ترین داخلی و خارجی راستے کو خوبصورت اور کشادہ بنایا جا رہا ہے۔ ٹھوکر ملتان روڈ پر انٹری پوائنٹ شہر کے سب سے خوبصورت انٹری پوائنٹ بنے گا۔ سڑک پر اسفالٹ اور توسیع سے شہریوں کو بڑا ریلیف ملا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے جوہر ٹاؤن جی ون مارکیٹ زون کی ری ڈیزائننگ کے دوران معطل ہونے والے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ پہلے مرحلے میں جوہر ٹاؤن کی جی ون مارکیٹ کمرشل زون کا ماڈل بنایا جائے گا۔ کمرشل زون میں پارکنگ، واک ویز و دیگر سہولیات بنائی جائیں گی۔ انٹرانسٹرکچر کو بہتر منظم کیا جائے گا۔ جی ون مارکیٹ کمرشل زون کے اطراف کنٹرولڈ پارکنگ بنائی جائے گی۔ جی ون مارکیٹ کمرشل زون کی ری ڈیزائننگ کے دوران مارکیٹ کے مختلف حصوں کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ پہلے مرحلے میں جوہر ٹاؤن کی جی ون مارکیٹ کمرشل زون کا ماڈل بنایا جائے گا۔ کمرشل زون میں پارکنگ، واک ویز و زون کی ری ڈیزائننگ سے تاجروں کو سہولت اور ٹریفک روانی میں مدد ملے گی۔



ایڈمن جامعہ نعیمیہ فاروق امیر ''اشاعت حدیث'' پر تحریر کردہ اپنا تحقیقی مقالہ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کو پیش کر رہے ہیں

پتنگ بازی کا خونی کھیل کھیلنے والے ملزم گرفتار

ملزم کے خلاف پتنگ بازی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج، ایس پی اقبال ٹاؤن



ٹاؤن بال اہلکار طاہر اقبال کے خلاف پتنگ بازی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج حوالے ڈویژنل کیبن کر دیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر کاشف راوی عدیل، انسپکٹر قاسم بٹ اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ ایس پی سول لائنز ڈاکٹر فائق بلال احمد پتنگ بازی کرنا قانونی طور پر جرم ہے۔ ارتکاب جرم کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، ایس پی اقبال احمد

عوام نے رانا تنویر سے محبت کا اظہار ووٹ کے ذریعے کیا، چوہدری ہارون

رانا طاہر اقبال کی واضح اکثریت سے کامیابی ان لیگ سے محبت اور بھرپور اعتماد کا ثبوت ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) چوہدری ہارون شوکت ورک، چوہدری سلیمان عباس ورک، مظفر علی شاہ، چوہدری سکندر حیات ورک، چوہدری عبدالرحمن ورک، چوہدری عمر بلند ورک، سردار خان ڈوگر، سردار سلمان ڈوگر نے وفاقی وزیر صنعت پیداوار فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین اور MPA پی پی 139 رانا طاہر اقبال کو موضع کلہ وکاں اور دھیاں گاؤں سے بھاری اکثریت میں کامیاب ہونے پر مبارک باد دیتے کہتے ہوئے کہا کہ رانا تنویر حسین سے محبت کا ثبوت دیا ہے عوام نے ترقی دوست سیاست کو ووٹ دیا ہے۔ عوام جان چکے ہیں ترقی کا سفر نواز شریف کی قیادت میں ہی ممکن ہوگا۔

ایس پی سول لائنز کی ہدایت پر سٹریٹ کرائمز میں ملوث گینگز کے گرد گھیرا مزید تنگ

ایس ایچ او تھانہ اولڈ انارکلی کی پولیس ٹیم کے ہمراہ 15 کی کال پر بروقت کارروائی

لاہور (شہباز احمد بھٹی) دو رکنی تحقیقی کمیٹی سرغنہ سمیت گرفتار ملزمان کو ان کے ساتھی ارشد شاہ، مرتضیٰ پولیس ملزمان کے قبضہ سے 4 موٹر سائیکلیں، بھاری 30 بور 6 گولیاں اور نقدی رقم برآمد، مرتضیٰ پولیس ملزمان کے خلاف

لاہور، میٹ سیفٹی ٹاسک فورس کا کریک ڈاؤن، مردہ مرغیوں کا گوشت برآمد

لوئر مال مارکیٹ کے سپلائر گھر میں چھپ کر مردہ مرغیوں کا گوشت تیار کر رہے تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) میٹ سیفٹی ٹاسک فورس نے اچھرہ میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے گودام سے مردہ مرغیوں کا گوشت برآمد کر لیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عامر جاوید کے مطابق لوئر مال مارکیٹ کے سپلائر گھر میں چھپ کر مردہ مرغیوں کا گوشت تیار کر رہے تھے۔ مجرم کو دھند کرنے والا سپلائر موقع سے گرفتار، برآمد شدہ مضر صحت گوشت تلف کیا گیا۔ عامر جاوید کا کہنا تھا کہ لوئر مال مارکیٹ میں 19 دکانوں اور گاڑیوں میں موجود 40 ہزار مرغے ذبح کر مرغیوں کا معائنہ کیا گیا، مردہ مرغیوں کے کاروبار میں ملوث پوری چین کو ریگی کی جا رہی ہے۔

لاہور کے تین لائبریریوں کو ماڈل لائبریری کا درجہ دینے کا فیصلہ

کتب بینی کے فروغ کیلئے سکولوں میں داستان گوئی کے پروگرامات کے کا آغاز بھی فیصلہ

لاہور (خبر نگار) پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کا 68 واں اجلاس چیئرمین پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن اور سابقہ چیف سیکرٹری جاوید اکرم کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں کتب بینی کے فروغ اور پبلک لائبریریوں کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے متعدد فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں پنجاب کی بیشتر پبلک لائبریریوں کو ماڈل لائبریری کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس ضمن میں پہلے مرحلے میں تین لائبریریوں کو جدید خطوط پر اپگریڈ کرکے ماڈل لائبریری کا درجہ دیا جائے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید لائبریریوں کو بھی ماڈل لائبریری قرار دیا جائے گا۔ اجلاس میں اطہر علی خان، محمد خان راجعہ، پروفیسر ڈاکٹر کنول امین، پروفیسر نوشین فاطمہ درانی، پروفیسر ڈاکٹر شفاعت یار خان، رخشندہ کوکب نے شرکت کی۔ بورڈ آف گورنرز نے بچوں میں کتب بینی کے رجحان کو فروغ دینے کے لئے سکولوں میں لائبریریز کے رجحان کو فروغ دینے کے ساتھ داستان گوئی کو بھی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیئرمین پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن جاوید اسلم نے اس منصوبے کی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے پر کامیابی کے لئے مختلف ماہرین کی رائے کو بھی شامل کیا جائے گا۔ اجلاس میں اطہر علی خان، محمد خان راجعہ، پروفیسر ڈاکٹر کنول امین، پروفیسر نوشین فاطمہ درانی، پروفیسر ڈاکٹر شفاعت یار خان، رخشندہ کوکب نے شرکت کی۔ بورڈ آف گورنرز نے بچوں میں کتب بینی کے رجحان کو فروغ دینے کے لئے سکولوں میں لائبریریز کے رجحان کو فروغ دینے کے ساتھ داستان گوئی کو بھی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیئرمین پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن جاوید اسلم نے اس منصوبے کی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے پر کامیابی کے لئے مختلف ماہرین کی رائے کو بھی شامل کیا جائے گا۔ اجلاس میں مزید لائبریریوں کو ماڈل لائبریری کا درجہ دینے کے لئے مختلف مقامات پر موبائل لائبریریوں کے منصوبے کو بھی فروغ دینے کے حوالے سے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔

دینی مدارس کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

مدارس جنریشن بل کے پاس ہوجانے کے باوجود صدر یا کسی کو سمجھ سے بالاتر ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک صراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا: دینی مدارس کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے مدارس جنریشن بل کے پاس ہو جانے کے باوجود صدر پاکستان کا مدارس بل پر دستخط نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ اسے سوائے مغرب کی خوشنودی کے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ مدارس ایشو صدر آپ کے تحت قوم کے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرتے ہیں اور اسلام کے خلاف چلنے والی ہر تحریک کا ہمیں بھی اسلام کا پرچار کیا جاتا ہے۔ مغرب نواز لابی ملک میں بیٹھ کر مدارس کے خلاف سازشوں میں مصروف رہتی ہے۔ دینی مدارس کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنا ملک کی خدمت نہیں بلکہ ملک کی جڑیں کھوکھلی کرنے کے مترادف ہے۔ ہم دینی مدارس کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ہم دینی مدارس کے ساتھ ہیں اور ان کے تحفظ کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ ہم دینی مدارس کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ہم دینی مدارس کے ساتھ ہیں اور ان کے تحفظ کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔

ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل نے افسران کے ہمراہ فیصل آباد تا شورکوٹ سیکشن کا خصوصی معائنہ کیا

ٹریک کی الائنمنٹ، فٹنس، ویلیئس، گیج سمیت کروز (curves) کا پیرامیٹرز کے مطابق معائنہ کیا گیا



لاہور (سٹیشن رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل نے افسران کے ہمراہ فیصل آباد تا شورکوٹ سیکشن کا خصوصی معائنہ کیا۔ ٹریک کی الائنمنٹ، فٹنس، ویلیئس، گیج سمیت کروز (curves) کا بھی پیرامیٹرز کے مطابق معائنہ کیا گیا۔ دوران آپریشن مختلف ریلوے سٹیشنوں پر ڈی ایس او لاہور نے ٹیکنیکل سٹاف پر خود بات کرکے سٹیشنوں کے درمیان رابطہ چیک کیا۔ سیف ٹرین آپریشن کے حوالے سے لیول کراسنگ گیٹس پر چیکنگ کرنے سمیت گیٹ فیوز جانے کی صورت میں ہنگامی طور پر گیٹ کو محفوظ بنانے کی بھی کی گئی۔ محفوظ ٹرین آپریشن سمیت ٹریک فٹنس کے حوالے سے سٹاف سے ضروری سوالات پوچھے گئے۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ریلوے نے فیصل آباد ریلوے سٹیشن پر انجن شیڈ، ڈیزل ڈپو، ٹریک بچھانے والے عملے کے خوالے سے سٹاف سے ضروری سوالات پوچھے گئے۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ریلوے نے فیصل آباد ریلوے سٹیشن پر انجن شیڈ، ڈیزل ڈپو، ٹریک بچھانے والے عملے کے ح

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 10 دسمبر 2024ء

اسپیشل بچے ہمارے معاشرے کا قیمتی اور قابل فخر اثاثہ ہیں ثانیہ عاشق

صوبہ بھر میں کے گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکولوں میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے اور خصوصی بچوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری ہے، ممبر صوبائی اسمبلی

حافظ آباد (رانا طارق محمود) وزیر اعلیٰ کی معاون خصوصی برائے اسپیشل ایجوکیشن، ایم پی اے ثانیہ عاشق کا کہنا ہے کہ اسپیشل بچے ہمارے معاشرے کا قیمتی اور قابل فخر اثاثہ ہیں۔ اساتذہ، والدین اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے سرکردہ افراد کی خصوصی توجہ، محبت، پیار سے ان خصوصی بچوں کو بہتر تعلیم و تربیت کر کے انہیں معاشرے کا ذمہ دار اور فعال شہری بنایا جا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سربراہی میں صوبہ بھر میں کے گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکولوں میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے اور خصوصی بچوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکول گورنمنٹ سلور نرز منڈیر حافظ آباد اور گورنمنٹ صفیہ رمضان اسپیشل سکول پنڈی بھٹیاں کے دورہ کے موقع پر کیا۔ سانح وفاقی وزیر کو آرڈینیٹر چیف منسٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ایم پی اے میاں شاہد حسین بھٹی، پرنسپل راحیلہ نسرین، پرنسپل عبیدہ شاہین سمیت دیگر افسران بھی اس موقع پر انکے ہمراہ تھے۔ معاون خصوصی برائے اسپیشل ایجوکیشن، ایم پی اے ثانیہ عاشق نے اسپیشل سکولوں کے دورہ کے موقع پر مختلف کلاس رومز، خصوصی بچوں کے لیے سکول وین اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مجموعی تعلیمی صورتحال، خصوصی بچوں کو دستیاب درس و تدریس اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ معاون خصوصی ثانیہ عاشق نے کلاس رومز کے دورہ کے موقع پر خصوصی بچوں سے پیار، محبت اور شفقت کا اظہار کرتے ہوئے انکی تعلیمی استعداد کار صلاحیتوں کو خوب سراہا۔ میڈم ثانیہ عاشق کا کہنا تھا کہ ان خصوصی بچوں میں بہت سی خداداد صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں۔ جو ایک بارمل شخص میں موجود ہوتی ہیں ایسے بچے صرف ہماری خصوصی توجہ، ہمدردی اور پیار کے متمنی ہوتے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے معاون خصوصی ثانیہ عاشق کو گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکول کی ری ویمپنگ، ضروری تعمیر مرمت اور سکول کو سفر آف ایلمی سینس/ ماڈل بنانے بارے تفصیلی بریفنگ دی۔



دینی مدارس کو قومی دھارے میں لانے کے عمل میں رکاوٹیں کھڑی کرنے والے کھل کر سامنے آگئے، پاکستان شریعت کونسل

قانون سازی روک کر قوم کے لاکھوں بچوں اور اساتذہ کو ان کے آئینی حق سے محروم رکھا جا رہا ہے

وزیر آباد (نامہ نگار) مدارس بل کی منظوری میں تاخیری حربے بیرونی دباؤ کا نتیجہ ہیں، دینی مدارس کو قومی دھارے میں لانے کے عمل میں رکاوٹیں کھڑی کرنے والے کھل کر سامنے آگئے، قانون سازی روک کر قوم کے لاکھوں بچوں اور اساتذہ کو ان کے آئینی حق سے محروم رکھا جا رہا ہے، موجودہ عملی حالات کسی قسم کے بحران کے متحمل نہیں ہو سکتے، دینی قوتوں کو اپنا حق تسلیم کرانے پر مجبور کیا جائے، مدارس کے حوالے سے بے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی کاوشیں لائق تحسین، ان کے فالورز موجود ہیں، پی ٹی آئی کی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو قائد عمران خان کی قیادت میں ون ون ورچ پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکال کر ترقی و خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

ان کی ہر آواز پر پاکستان بھر کے علماء، اہل مدارس اور عوام لبیک کہیں گے، ان خیالات کا اظہار پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا مفتی محمد رویس خان ایوبی، جنرل سیکرٹری مولانا زاہد الراشدی، نائب امیر مولانا عبدالقیوم حقانی، سیکرٹری اطلاعات مولانا عبدالرؤف محمدی اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس سے متعلقہ بل کے رد کے جانے پر ملک بھر کے دینی حلقوں میں سخت اضطراب پایا جاتا ہے، پہلے پروپیگنڈہ کیا جاتا تھا کہ مدارس رجسٹریشن نہیں کرواتے اب جبکہ خود اہل مدارس اس حوالے سے ٹھوس قانون سازی چاہتے ہیں تو اس کی راہ میں روڑے اٹکائے جا رہے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ حکمران اپنے ذاتی مفاد کے لئے تو راتوں رات قانون سازی کر لیتے ہیں مگر قومی اور مکمی مفاد کیلئے کسے جانے والے اقدامات میں رکاوٹیں کھڑی کر دی جاتی ہیں، شریعت کونسل کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ معلوم نہیں صدر مملکت کن خفیہ ہاتھوں مجبوریں کے ہاتھ شکار امور اور دھمکیوں پر عملدرآمد سے بھی گریزاں ہیں۔

افواج پاکستان قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، وحید طارق بلوچ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیاسی و سماجی شخصیت وحید طارق بلوچ نے کہا ہے کہ افواج پاکستان قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، جذبہ ایمانی اور شہادت سے لیس پاک فوج کے آفیسرز اور جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہی ہیں، شہیدوں اور غازیوں کی بے مثال قربانیوں کی بدولت ہی آج پوری پاکستانی قوم سکون کی نیند سوتی ہے، افواج پاکستان کو کمزور کرنا پاکستان کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وحید طارق بلوچ نے کہا کہ دہشت گردی پاکستان کی ترقی و خوشحالی کی راہ میں بنیادی رکاوٹ ہے، آپریشن "عزم استحکام" سے دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا۔

ابرار بٹ اور بلال بٹ کی جانب سے محفل میلاد کا انعقاد



مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) میں تاریخی سب سے بڑی محفل میلاد کا انعقاد ابرار بٹ اور بلال بٹ کے زیر انتظام کیا گیا محفل میں ملک کے نامور علماء کرام نعت خواں حضرات نے شرکت کی محفل میں پانچ خوش نصیبوں کو عمرہ کے ٹکٹ دیئے گئے تفصیلات کے مطابق بٹ برادران کی جانب سے محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا محفل میلاد میں ملک کے نامور علماء کرام نعت خواں حضرات نے شرکت کی محفل میلاد میں پانچ خوش نصیبوں کو عمرہ کے ٹکٹ دیئے گئے محفل میلاد میں ہزاروں عاشقان رسول نے شرکت کی علماء کرام میں سید نجم شاہ، قاری شاہد محمود، حامد خیال اور دیگر نے حاضرین محفل سے خطاب کیا

الحاج ملک لیاقت علی مرحوم کی چھٹی برسی کے موقع پر محفل کا انعقاد

اپنے والد محترم کے مشن خدمت انسانیت کو جاری رکھتے ہوئے ہمیشہ انسانیت کی فلاح کیلئے کام کیا، ملک عمران لیاقت

محفل پاک میں سیاسی، سماجی، مذہبی، تجارتی، وکلاء، صحافتی، سرکاری افسران سمیت دیگر افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی

سمندری (نمائندہ خصوصی) پی پی 105 کے ٹکٹ ہولڈر سابق MPA و ضلعی صدر چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت سنگین بحرانوں سے گزر رہا ہے اور اس کا واحد حل ملک میں سیاسی استحکام لانے کیلئے متقدرہ حلقوں کو سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے، ٹکٹ ہولڈر پی پی 105



سیاسی استحکام کے بغیر ممکن نہیں ہے پوری دنیا کی نظریں اس وقت صرف پاکستان پر لگی ہوئی ہیں ون ویژن ویژ پاکستان میں سیاسی استحکام لانے کیلئے متقدرہ حلقوں کو سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے، مزید کہا کہ قائد عمران خان ایک مجب ون اور اپنے اداروں سے پیار کرنے والے وفاق کی علامت جماعت کے بانی و قائد ہیں اور پاکستان سمیت پوری دنیا میں ان کے فالورز موجود ہیں پی ٹی آئی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو قائد عمران خان کی قیادت میں ون ویژن ویژ پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکال کر ترقی و خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ سے ضلعی صدر کی ملاقات

ملاقات میں شہر کی مجموعی انتظامی و سیاسی صورتحال اور تاجروں کے مسائل پر گفتگو



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ سے ضلعی صدر (ن) لیگ و سابق رکن پنجاب اسمبلی محمد عارف خان سندھیلہ نے ملاقات کی ہے اس موقع پر سابق صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، مرکزی انجمن تاجران و چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان چیف مین سپریم کونسل حاجی غلام نبی ورک، جناب صدر رانا اویس، تحصیل امیر جمعیت علماء اسلام (ف) تحصیل حافظ عبدالرؤف، اختر رسول جنجوعہ و دیگر نمائندہ شخصیات موجود تھیں، ملاقات میں شہر کی مجموعی انتظامی و سیاسی صورتحال اور تاجروں کے مسائل و تحفظات سے آگاہ کیا جائے گا۔

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں ترجیحی بنیادوں پر ٹف ٹائل لگوا رہے ہیں۔ محمد خالد وسیم

آخری روڈ کے ممبران سوسائٹی واجبات بروقت ادا کریں، صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) تنویر الحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ کم ٹائم میں تمام روڈز پر ٹف ٹائل لگا دی جائیگی سوسائٹی کی تعمیر و ترقی ایڈووکیٹ کی کاوشوں اور جہد و جہد کی بدولت ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ایک مثالی ادارہ بنتا جا رہا ہے ممبران کی معاونت اور تعاون سے ہی تمام روڈز پر ٹف ٹائل لگانے کا کام مکمل ہو سکتا ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ سوسائٹی کے اندر شجر کاری، سڑکوں کی تعمیر اور ہر طرح کی سہولیات کے لیے ہماری تمام تر کاوشیں رنگ لا رہی ہیں انشاءاللہ ممبران کی معاونت سے تمام روڈز اور سڑکوں پر ٹف ٹائل لگانے کا کام جلد مکمل ہو جائے گا۔

لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی منظوری، بلدیاتی امیدواروں کے ڈیرے آباد ہونے لگے

کھڑیانوالہ سمیت ضلع فیصل آباد بھر میں بلدیاتی الیکشن کی راہ ہموار ہونے لگی مسلم لیگی قیادت نے الیکشن کی تیاری کا حکم دے دیا

امیدواروں ،ووٹرز ، سپوٹران میں خوشی کی لہر پارٹی الیکشن کارکنان ،قیادت کی قدر بڑھا دی ۔امیدواروں نے رابطے تیز کر دیے

عرصہ دراز سے غائب سیاسی لوگ بھی متحرک ہونے لگے ووٹرز نے موسمی سیاسی لوگوں کو سپورٹ نہ کرنے کا عندیہ دے دیا

کھڑیانوالہ (رپورٹ شبیر احمد قادری) تفصیلات کے مطابق لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی منظوری کے بعد کھڑیانوالہ و مضافات کی تمام یونین کونسلز میں سیاسی درجہ حرارت بڑھنے لگا ہے۔ جس کے ساتھ ہی بلدیاتی امیدواروں کے ڈیرے بھی آباد ہونے لگے ہیں۔ بلدیاتی الیکشن کے لیے مسلم لیگ ن کی قیادت نے اپنے راہنماؤں پارٹی ورکرز امیدواروں کو تیار رہنے کا حکم دیا ہے۔ جس سے ووٹرز سپورٹرز امیدواران میں کافی جوش خروش دیکھا گیا ہے۔ پارٹی ٹکٹ پر الیکشن سے پارٹی ورکروں اور قیادت کی قدر میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ متوقع امیدواروں نے پارٹی ورکروں اور عہدے داروں سے رابطے تیز کر دیے ہیں۔ جس سے ورکرز میں خوشی کی لہر ہے۔ عرصہ دراز سے بلدیاتی نظام کا غیر فعال ہونے سے دیہی علاقوں میں تعمیر و ترقی کا فقدان رہا ہے۔ جس سے دیہی علاقوں کے رہائشی متاثر ہوئے ہیں۔ دیہی علاقوں کی ترقی بلدیاتی نمائندوں اور نظام کی ضامن ہے۔ بلدیاتی نظام فعال کیے بغیر دیہی ترقی ناممکن ہے۔ ووٹرز جہاں بلدیاتی الیکشن کے اعلان سے خوش ہیں وہی پر ووٹرز کی جانب سے منفرد نئے نائب رہنے والے سیاست دانوں کو ووٹ نہ دینے کا بھی عندیہ دیا گیا ہے۔



پھولنگر گزشتہ روز کچی شراب پینے سے 7 افراد ہلاک

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نوٹس کے بعد قصور پولیس کو بھی ہوش آ گیا

پھولنگر (غرم بھٹی سے) پھولنگر گزشتہ روز کچی شراب پینے سے 7 افراد ہلاک، شراب سے ہلاکت پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نوٹس کے بعد قصور پولیس کو بھی ہوش آ گیا، پھولنگر پولیس کا زہریلی شراب کشید اور فروخت کرنیوالوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار، 1651 لیٹر دیسی شراب اور چالو بھٹیاں برآمد، پولیس شراب فروشوں کے ساتھ دوسری مخٹیات فروخت کرنے والوں کو کیوں نہیں پکڑ رہی، شہری و سماجی حلقے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پھولنگر میں زہریلی شراب پینے سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 7 ہو گئی شراب سے ہلاک ہونے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب کر لی جس پر ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر پولیس نے زہریلی شراب کشید اور فروخت کرنیوالوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا اور بدنام زمانہ شراب فروش گرفتار کر لیے ملزمان سے، 1651 لیٹر دیسی شراب اور 70 لیٹر لاہن برآمد ہوئی پولیس کا مخٹیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں جبکہ پھولنگر کے سماجی اور شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس ہمیشہ اموات کے بعد ہی کیوں جاگتی ہے۔

نور ایمان ہی بندہ مومن میں اہلیت پیدا کرتا ہے، عبدالقدیر اعوان شیخ

دین اسلام کا اقرار ہم کرتے ہیں لیکن یہ اقرار مضبوط قدموں پر نہیں ہے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ عالم اور اہل علم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے احکامات کو سمجھے، آپ ﷺ کی رسالت کے اقرار کرے اور رسالت کے تمام پہلوؤں پر عمل کرے ڈگریاں اور اسناد بے معنی ہو جاتی ہیں جب بندہ مومن حق کے خلاف بول رہا ہوتا ہے اس کا یہ انکار اسے جاہلوں میں شامل کر دیتا ہے کیونکہ علم کی بنیاد نور ایمان ہے اور نور ایمان ہی بندہ مومن میں اہلیت پیدا کرتا ہے کہ وہ حق کو پہچان سکتا ہے اور پڑھا لکھا نہ بھی جانتا ہو لیکن اپنے عمل کا جائزہ لے رہا ہوتا ہے کہ وہ خلاف شریعت تو نہیں ہے انہوں نے کہا کہ دین کا علم حاصل کرنا ضروری ہے کیونکہ عمل کرنے کے لیے جاننا ضروری ہے۔ دین اسلام کا اقرار ہم کرتے ہیں لیکن یہ اقرار مضبوط قدموں پر نہیں ہے معذرت خواہانہ اقرار عمل تک نہیں لے جا سکتا کیا مسلمان ایسے ہوتے ہیں جیسے آج ہم ہیں؟ ان نقائص کو دور کرنے کی ضرورت ہے دنیا میں مسلمانوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے لیکن اس وقت پوری دنیا میں مسلمانوں پر ظلم ہو رہے ہیں اور پس رہے ہیں اس کی بنیادی وجہ دین اسلام کی تعلیمات پر عمل نہ کرنا ہے۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی عدم دستیابی، سائلین پریشان

آفیسر کے کورس پر جانے سے انکی جگہ کسی بھی افسر کو عارضی طور پر تعینات نہیں کیا گیا

سماجی حلقوں کی جانب سے محکمہ تعلیم کے افسران بالا سے فوری کاروائی کا مطالبہ



بھلوال (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی عدم دستیابی کے باعث ایجوکیشن آفس بھلوال میں آنیوالے سائلین کو مسائل کا سامنا معمولی کی بھی موہیں لگ گئیں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے کورس پر جانے سے انکی جگہ کسی بھی افسر کو عارضی طور پر تعینات نہیں کیا گیا ہے تفصیل کے مطابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی عدم دستیابی اساتذہ سمیت طلباء کے والدین کو درپیش مسائل کے لئے آفس آنے اور ڈپٹی ڈی ایجوکیشن کی عدم دستیابی سے انتہائی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سرکاری اعداد و شمار میں مہنگائی میں کمی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں برقرار

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک معاشی استحکام کے بعد تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ہفتہ وار مہنگائی کی شرح مرتب کرنے والے ادارے پاکستان بیورو آف شماریات کے دورے کے موقع پر کہا کہ اللہ کے فضل و کرم اور معاشی ٹیم کی کاوشوں کی بدولت مہنگائی کی شرح گزشتہ مہینے کی اس شرح سے کم ہو کر آگئی ہے۔ 4 اکتوبر 2018ء کے بعد آٹو پر اس ٹائم سیریز کم ترین شرح پر ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ برس ہمارے ہاں ماہانہ کی بنیاد پر مہنگائی کی شرح 38 دھو 11.39 فیصد کی بڑی کی معاشی ٹیم کی دن رات محنت کا نتیجہ ہے۔ عوام سے کیے گئے اپنے ہر وعدے پر قائم ہوں، عوام کی مشکلات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدام کرتا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریکارڈ برآمدات بڑھا رہی ہیں، شرح سود کم کر کے ترقی کی راہ ہموار کر رہے ہیں، نئی صنعتیں لگ رہی ہیں، پاکستان کے لیے مثبت خبریں آ رہی ہیں، ملکی شیعے کا معیشت کی مضبوطی ہی اس معاملہ کرار ہے ہیں، پاکستان نے معیشت کو لیونڈ کرتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو سہولتوں کی فراہمی جاری ذمہ داری ہے، پاکستان میں ترقی والی معیشت کے عالمی ادارے بھی اعتراف کر رہے ہیں، ملک معاشی استحکام کے بعد تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے مشکل وقت میں عوام کو ریلیف دیا، ہم نے ہی ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، ہم نے ہی ملک کو معاشی استحکام کی طرف گامزن کیا، ہم نے ہی ملک کو ترقی کی راہ پر



ٹیسٹ چیمپئن شپ آسٹریلیا پھر نمبر ون بن گیا



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری لیاری میں فٹ بال اسٹیڈیم کی افتتاحی تقریب میں امدادی چیک دے رہے ہیں۔

دوسری جانب انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کیخلاف 3 میچز کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری لے کر کیویز کی فائنل میں رسائی کا امکان ماند کردیا، 10 وکٹ سے ملنے والی شکست نے بھارت کو تیسرے نمبر پر دھکیل دیا

ایڈیلیڈ (این این آئی) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں آسٹریلیا نے بھارت کو ایڈیلیڈ میں شکست دے کر ایک بار پھر ٹاپ پوزیشن حاصل کرلی۔ دوسری جانب انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کیخلاف 3 میچز کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری لے کر کیویز کی فائنل میں رسائی کا امکان ماند کردیا، 10 وکٹ سے ملنے والی شکست نے بھارت کو تیسرے نمبر پر دھکیل دیا۔ سری لنکا چوتھے نمبر پر ہے جبکہ انگلینڈ نے پانچویں اور نیوزی لینڈ نے چھٹی پوزیشن سنبھال لی ہے۔ کرائسٹ چرچ میں کامیابی کے باوجود انگلینڈ کو سلوا اور ریحان احمد کی ٹوٹی کمر پر بہت بڑا جرمانہ سہنا پڑا۔ سری لنکا کا سامنا اتوار کو ویسٹ انڈیز کی سہ رکنی ای سی اے ٹیم سے ہوگا جبکہ بنگلہ دیش کو ہوم گراؤنڈ پر 2 ٹیسٹ میچز کھیلنے ہیں۔ ان میچز میں کامیابی کے ساتھ ہی بنگلہ دیش کا ٹیسٹ چیمپئن شپ میں 60.71 کا بہتر پرسنٹیج کے ساتھ نمبر ون ہونا یقینی ہوجائے گا۔ بھارت تاحال 58.88 کے پرسنٹیج کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے جبکہ آسٹریلیا 57.29 کے پرسنٹیج کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ سری لنکا کے 50.00 کے پرسنٹیج کے ساتھ 4 ویں نمبر پر ہے۔ انگلینڈ 36.46 کے پرسنٹیج کے ساتھ 5 ویں نمبر پر ہے۔ نیوزی لینڈ 34.38 کے پرسنٹیج کے ساتھ 6 ویں نمبر پر ہے۔ ویسٹ انڈیز 25.00 کے پرسنٹیج کے ساتھ 7 ویں نمبر پر ہے۔ بنگلہ دیش 16.67 کے پرسنٹیج کے ساتھ 8 ویں نمبر پر ہے۔ پاکستان 15.56 کے پرسنٹیج کے ساتھ 9 ویں نمبر پر ہے۔ جنوبی افریقہ 0 کے پرسنٹیج کے ساتھ 10 ویں نمبر پر ہے۔ دوسرے نمبر پر براجمان آسٹریلیا نے 10 وکٹوں سے شرمناک شکست پر سنیل گواسکر بھارتی ٹیم پر پھٹ پڑے



وہاں ایسے ہی فارغ نہیں بیٹھ سکتے کیونکہ آپ یہاں کرکٹ کھیلنے آئے ہیں، ای ایس پی کرک انفو

نئی دہلی (این این آئی) آسٹریلیا کے ہاتھوں دوسرے ٹیسٹ میچ میں بدترین دس وکٹوں سے شکست کے بعد سابق بھارتی کپتان سنیل گواسکر نے ایڈیلیڈ، برس پڑے۔ پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز کو ایک، ایک سے برابر کر دیا، اوّل اور ایڈیلیڈ میں دوسرے ٹیسٹ کے تیسرے دن آسٹریلیا نے جیت کے لیے مطلوبہ 19 رنز کا ہدف بغیر کوئی وکٹ کھوئے حاصل کرلیا۔ بارڈر گواسکر ایسے ہی فارغ نہیں بیٹھ سکتے۔

ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں انڈین کرکٹ ٹیم 180 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ سنیل گواسکر نے کہا جیتنے والی ٹیم پہلی اننگز میں

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے وحید انجم ایوارڈ سرٹیفکیٹ کی تقریب

سوشل ورکرز کے علاوہ دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد میں ایوارڈ و سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے



سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سوشل ورکرز کے عالمی دن کے موقع پر پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے زیر اہتمام چھٹے سالانہ ڈویژنل سوشل کنونشن اور وحید انجم ایوارڈ سرٹیفکیٹ کی تقریب یونیورسٹی آف سرگودھا فاریسٹی ہال میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد عمر فاروق اور سابق ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ محمد حسین گوندل تھے تقریب میں بھی انسانیت کی خدمت کرنے والی این جی اوز کے سوشل ورکرز کے علاوہ دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد میں ایوارڈ و سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد عمر فاروق سابق ڈویژنل سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کنونشن اور وحید انجم ایوارڈ سرٹیفکیٹ کی تقریب یونیورسٹی آف سرگودھا فاریسٹی ہال میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد عمر فاروق اور سابق ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ محمد حسین گوندل تھے تقریب میں بھی انسانیت کی خدمت کرنے والی این جی اوز کے سوشل ورکرز کے علاوہ دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد میں ایوارڈ و سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد عمر فاروق سابق ڈویژنل سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے زیر اہتمام چھٹے سالانہ ڈویژنل سوشل

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

042-3636003

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

تبصرہ جات 1

آٹس کا دورہ کیا۔ کاشتکاروں اور زراعت کے فروغ کے لئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش رنگ لے آئیں۔ چینی کمپنی پنجاب میں روبوٹک زرعی آلات مینوفیکچرنگ پلانٹ لگائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں جدید زرعی اصلاحات کے بارے میں آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے روبوٹک ٹیکنالوجی سے مزین جدید ترین زرعی آلات کا معائنہ اور روبوٹک مشینری کا خود مشاہدہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں انیگر ٹیکچر سیکٹر میں روبوٹک مشینری اور ٹولز متعارف کرانے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ پنجاب میں زراعت کی جدید ٹیکنالوجی اپنا کر کاشتکار کو خوشحال بنانا ہمارا عزم ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی دعوت پر اے آئی فورس فیلڈ کے ماہرین پنجاب میں روبوٹک زرعی آلات مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کے لئے جلد دورہ کرے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بلیو ٹیک ٹیکسٹائل پارک کا دورہ کیا اور ڈرونگ گی یون کن بلیو ٹیک ٹیکسٹائل ایئر لائنس کے چیئرمین مسٹر زی ہونگ شنگ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے فضائی آلودگی کے سدباب کے جدید ترین طریقہ کار پر گفتگو کی گئی۔

تبصرہ جات 2

ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے شام کی موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ شام میں بدلتی ہوئی صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں اور پاکستان نے ہمیشہ شام کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کی حمایت کی ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ شام سے متعلق پاکستان کا مؤقف اب بھی وہی ہے، شام میں موجود تمام پاکستانی شہری محفوظ ہیں۔ دفتر خارجہ کی جانب سے شام میں موجود پاکستانی شہریوں کو احتیاط کرنے کا کہا گیا ہے، شام میں پاکستان کا سفارت خانہ شہریوں کی مدد کے لیے کھلا ہے، ابھی تک دمشق ایئرپورٹ بند ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستانی سفارت خانہ پاکستانی شہریوں اور زائرین کے ساتھ رابطے میں ہے، دمشق ایئرپورٹ کھلنے کے بعد شہریوں کی واپسی کی جائے گی۔

تبصرہ جات 3

ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ شام میں تمام پاکستانی شہری محفوظ ہیں، تمام شہریوں کو احتیاط کرنے کا کہا گیا ہے، شام میں بدلتی ہوئی صورتحال کا بہ غور جائزہ لے رہے ہیں۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا ہمارے اصولی مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، شام میں پاکستان کا سفارت خانہ شہریوں کی مدد کے لیے کھلا ہے تاہم ابھی تک دمشق ایئرپورٹ بند ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ہمارا سفارت خانہ پاکستانی شہریوں اور زائرین کے ساتھ رابطے میں ہے، دمشق ایئرپورٹ کھلنے کے بعد شہریوں کی واپسی شروع ہوجائے گی۔

تبصرہ جات 4

نے یہ بھی کہا ہے کہ کرپشن ملک کی معاشی ترقی کو نقصان پہنچاتی ہے اور معاشرے کے سماجی تانے بانے کو تباہ کردیتی ہے۔

تبصرہ جات 5

پالیسی اپنائی ہے، ہر قسم کی بدعنوانی کے خلاف سخت اقدامات کیے جارہے ہیں، کسی بھی سطح پر بدعنوانی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ گورننس کے نظام میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے کے پی آئیز متعارف کروائے ہیں، کے پی آئیز سسٹم نے حکومتی افسران کو مزید مستعد اور متحرک بنایا جس سے عوامی خدمات میں بہتری آئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ ہماری منزل بدعنوانی سے پاک، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان ہے، معاشرے کو کرپشن کی لعنت سے پاک کرنے میں ہر فرد اپنا کردار ادا کرے، شفافیت، دیانتداری اور میرٹ کا فروغ اجتماعی ذمہ داری ہے۔

تبصرہ جات 6

نے کہا تھا، اس دن کو عالمی یوم پر منانے کا مقصد دنیا کی توجہ رشوت اور کرپشن جیسی برائی کے پھیلاؤ کی طرف مبذول کرانا اور دنیا کو یہ بتانا ہے کہ اس طرف کچھ توجہ دیں اور کرپشن کو ختم یا کم کرنے کی کوشش کریں۔ رواں سال اقوام متحدہ کی طرف سے انسداد کرپشن کے عالمی دن کا عنوان ''بدعنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ متحد ہونا، کل کی سالمیت کی تشکیل'' رکھا گیا ہے۔ اینٹی کرپشن ڈے پوری دنیا میں بدعنوانی کے خلاف جنگ کا اعلان ہے، اقوام متحدہ نے پوری دنیا کی حکومتوں کو بدعنوانی کے خلاف ہاتھ سے ہاتھ ملا کر اتحاد کو فروغ دینے کی دعوت دی ہے۔ انسداد بدعنوانی کے حوالے سے اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بدعنوانی کھلا ڈنا چیلنج، عوام کرپشن کے خاتمے میں حکومت کا ساتھ دیں اور ایک ایسے پاکستان کے لیے جدوجہد کریں جہاں قانون کی حکمرانی اور احتساب سب کے لیے یقینی ہو۔

تبصرہ جات 7

نے کہا کہ مدارس کو قومی دھارے میں لانے اور ان کی رجسٹریشن کیلئے وسیع تر مشاورت کے بعد نظام وضع کیا گیا، اس نظام کے تحت 18 ہزار مدارس نے رجسٹریشن کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی کوئی قانون بنتا ہے، اس کا کوئی کوڈ آف کنڈکٹ ہوتا ہے، جب مدارس کو وفاقی وزارت تعلیم کے ماتحت کیا گیا تو اس کے فوائد آئے، اسی وزارت تعلیم کے تحت اچ ای سی اور تمام جامعات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن میں علمائے کرام کی کاوشیں شامل ہیں، مدارس کی رجسٹریشن کے ثمرات ملنا شروع ہوگئے، خوشی ہوتی ہے کہ مدارس کے طلبا ڈاکٹر، انجینئر بن رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ حکومت علمائے کرام کی تجاویز پر مشاورت کرے گی، مولانا فضل الرحمان قابل احترام ہیں، ان کی تجاویز بھی سنیں گے۔

تبصرہ جات 8

تیرہ حاضری پر بشریٰ بی بی کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کے ضامن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ آپ کے شوٹی ہائنڈرکیوں نہ ضبط کیے جائیں۔ وکلاء صفائی نے آج بشریٰ بی بی کی حاضری کی یقین دہانی کرائی تھی۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ کیس ٹو میں بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخی کی درخواست 12 دسمبر کو سماعت کے لیے مقرر کی ہے۔ عدالت نے 12 دسمبر کے لیے بشریٰ بی بی کو بھی نوٹس جاری کر رکھے ہیں۔ ایف آئی اے نے بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخی کی استدعا کر رکھی ہے۔

تبصرہ جات 9

کیشن کا فیصلہ محفوظ کر دیا۔ دوران سماعت عادل بازئی کے وکیل تیمور اسلم نے مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے کا حوالہ دیا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے مسکراتے ہوئے وکیل سے کہا کہ کیا آپ واقعی مخصوص نشستوں کے فیصلے پر انحصار کرنا چاہتے ہیں؟ جسٹس عقیل عباسی نے کہا کہ اب تو وہ کہتے ہیں ترمیم بھی آچکی ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ کیا مخصوص نشستوں کے فیصلے پر عمل درآمد ہو چکا ہے؟ بہرحال چلیں آگے بڑھیں۔ جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ کیا آپ موجودہ کیس میں مخصوص نشستوں کے فیصلے پر انحصار کر سکتے ہیں؟ کیا عادل بازئی مخصوص نشستوں والے 81 ممبران کی فہرست کا حصہ تھے؟ عدالت نے کہا کہ عدالت میں بتایا گیا الیکشن کمیشن ڈیلیمیٹیشن نہیں دے سکتا، عدالت کو بتایا گیا امیدوار کا تعلق کس جماعت سے ہے، یہ تعین کرنا سول عدالت کا کام ہے۔

تبصرہ جات 10

26 ویں آئینی ترمیم کے فیصلے تک فوجی عدالتوں کے کیس کی سماعت مؤخر کرنے کی درخواست خارج کی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ آپ کی طرف سے تاخیری حربے استعمال ہو رہے ہیں، ہر سماعت پر ایسی کوئی نہ کوئی درخواست آجاتی ہے، 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم ہو جائے تو عدالتی فیصلوں کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے، جن لوگوں کو ملٹری کورٹس میں زیر حراست کیا وہ بھی یہی چاہتے ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے حفیظ اللہ نیازی سے سوال کیا کہ کیا آپ کیس چلانا چاہتے ہیں؟ حفیظ اللہ نیازی نے کہا کہ میں یہ کیس چلانا چاہتا ہوں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ جو لوگ جیلوں میں پڑے ہیں ان کا سوچیں، آپ کا تو اس کیس میں حق دعویٰ نہیں بنتا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آپ کا کوئی پیارا زیر حراست نہیں اس لیے تاخیر چاہتے ہیں، سپریم کورٹ آئینی ترمیم کے تحت ہی کام کر رہی ہے، جو بھی بینچ بن رہے ہیں نئی ترمیم کے تحت ہی بن رہے ہیں، آئینی ترمیم کا کیس بھی ترمیم کے تحت بننے والا بینچ ہی سنے گا۔

تبصرہ جات 11

کرپٹ خاندان ملک کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ آج کا دن کرپشن سے پاک پاکستان کی تجدید کے عہد کا دن ہے، ہمیں ملک پر مسلط کرپٹ سیاسی خاندانوں سے چھٹکارا پانے کا عہد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرپٹ خاندان حکمرانی پاکستان میں کرتے اور جائیدادیں باہر بناتے ہیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ ملک سے کرپشن کا خاتمہ اور حقیقی آزادی بانی پی ٹی آئی کا ویژن ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ کرپٹ ٹولے سے چھٹکارا پانے کے لیے بانی پی ٹی آئی کا ساتھ دینا ہوگا۔

تبصرہ جات 12

مدارس کی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں، مدارس کے حقوق کی یہ جنگ تمام مدارس اور علما کی ہے، حکومت اسے اکھاڑنہ بنائے۔ چار سدہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ مدارس کے ایک ایک طالبعلم اور استاد کی جنگ لڑ رہے ہیں، قرآنی علوم، فقہ کے علوم ہوں یا حدیث کے علوم ہم ان کے تحفظ کی بات کر رہے ہیں، کسی فرد واحد کی نہیں ہے، اجلاس بلا کر علما کو تقسیم کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر میں انگریزوں نے اپنا نظام تعلیم دیا تو دین کے اکابرین نے مدارس قائم کیے تاکہ اپنے دینی علوم کا تحفظ کیا جاسکے، ہم آج بھی اپنے اس دینی ورثے کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

تبصرہ جات 13

راہداری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے عمر ایوب کی 9 جنوری تک راہداری ضمانت منظور کرلی اور پولیس کو ہدایت کی کہ درخواست گزار کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کیا جائے۔ عدالت نے ہدایت کی کہ درخواست گزار متعلقہ عدالتوں میں پیش ہوجائے۔

تبصرہ جات 14

کارکنوں اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوامی مسائل سنے گئے اور فوری طور پر حل کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ رکن قومی اسمبلی رانا مبشر قبال نے عوام الناس کی کثیر تعداد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ عوامی مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز قائدمیاں نواز شریف کے ویژن کو آگے بڑھانے میں کوشاں ہیں۔ (ن) لیگ نے عوام کا اعتماد جیتا اور عوام کے ساتھ کیے گئے اپنے وعدوں کو پایا تکمیل تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ عوام (ن) لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں، پنجاب کے عوام وزیراعلیٰ مریم نواز کی کارکردگی پر مطمئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باشعور عوام ترقی کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کو سیاسی عمل میں شامل نہیں دیکھنا چاہتے، موجودہ حکومت معاشی اصلاحات کے ساتھ ساتھ انتظامی عمل کو بھی بہتر بنانے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

تبصرہ جات 15

نے نشتر ہال میں انسداد بدعنوانی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اب تک اپنے آپ سے احتساب شروع نہیں کیا، جس دن کرپشن کو برا ماننا شروع ہوا تو کرپشن ختم ہوجائے گی۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو کہا تھا کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے سسٹم بنانا ہوگا، ہم کرپشن ماننے سے انکار کرتے ہیں لیکن کرتے ہیں اور مذمت کرنے کے باوجود ہمارے سامنے کرپشن ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھانوں میں رشوت چلتی ہے، پٹواری بھی پیسے لیتا ہے، لوگوں کو بتایا جاتا ہے کہ 8 کروڑ جمع کراؤ تو جیل نہیں جاؤ گے۔ انہوں نے کہا کہ نیب کرپشن کو پرموٹ کرتا ہے اس پر اربوں روپے خرچ ہورہے ہیں۔

تبصرہ جات 16

خلاف ورزی درخواستیں ریگولر بینچ سن سکتا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے بتایا کہ درخواستیں آئینی بینچ میں زیر سماعت ہونی چاہئیں، عدالت نے کہا کہ آپ جواب جمع کروادیں، ہم دیکھ لیں گے۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ آئین سے متصادم قانون کے خلاف درخواست ریگولر بینچ سن سکتا ہے، سندھ ہائیکورٹ کچھ دن پہلے فیصلہ دے چکی ہے، گزشتہ سماعت پر وفاقی حکومت سے جواب طلب کیا تھا۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ کابینہ ڈویژن کا جواب جمع کروادیا ہے، لا ڈویژن کے جواب کا انتظار ہے، عدالت نے کہا کہ سندھ ہائی کورٹ نے ریگولر بینچ کے دائرہ اختیار سے متعلق تفصیلی فیصلہ جاری کیا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ آج تو فوری سماعت کی استدعا ہے، تاریخ دیدیں، کابینہ ڈویژن کے مطابق کابینہ ڈویژن کا کام وزارتوں کی سمری کابینہ اور انکی کمیٹیوں میں پیش کرنا ہوتا ہے، کابینہ ڈویژن کے کام سے درخواست گزار متاثر نہیں ہوا، کابینہ ڈویژن کا نام بطور فریق خارج کیا جائے۔

تبصرہ جات 17

بات سے کسی کو دکھ ہوا تو معافی کا طلب گار ہوں۔ آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر انتظام ہونے والی ستر ہویں اردو کانفرنس کے اختتامی روز خطاب کرتے ہوئے انور مقصود نے خود کو نیوی کی جانب سے اٹھائے جانے کی خبروں پر وضاحت کی۔ انور مقصود نے بتایا کہ دو روز سے ان کے گھر نہ صرف ملک بھر بلکہ بیرون ممالک سے بھی فون آرہے ہیں جبکہ سوشل میڈیا بھی ایسی خبروں سے بھرا پڑا ہوا ہے کہ انور مقصود کو نیوی والوں نے اٹھالیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں نیوی والوں کے لیے کچھ کہا تھا لیکن وہ یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ انہوں نے 60 سال میں کبھی بھی شہیدوں سے متعلق کوئی مذاق نہیں کیا، ان کے مطابق وہ شہیدوں کی قربانیوں کی وجہ سے ہی آج تک زندہ ہیں، انہوں نے ان کے لیے ہی قربانیاں دیں اور وہ اج تک اسی لیے گھسنے کے قائل ہیں کہ شہیدوں نے ان کے لیے قربانیاں دیں۔ مصنف نے وضاحت کی کہ وہ یہ سوچ بھی نہیں سکتے کہ وہ شہیدوں کا مذاق اڑائیں یا ان سے متعلق کوئی بات کہیں۔ ساتھ ہی انور مقصود نے عہد کیا کہ وہ آج تک زندہ لوگوں کے بارے میں بات کرتے آرہے تھے تاہم آج کے بعد وہ ان پر بھی بات نہیں کریں گے۔ مصنف و ڈراما ساز کے مطابق نیوی والے بھی ان کے دوست ہیں اور وہ جو مذاق دوسرے دوستوں کے ساتھ کرتے ہیں۔

تبصرہ جات 18

یم ریز رو میں ایک 80 سالہ امریکی نے 2 لاکھ 71 ہزار ڈالر دے کر 5.49 انچ کے سینگ والے 11 سالہ کشمیری مارخور کا شکار کیا۔ امریکی شہری نے خیبر پختونخوا کے محکمہ وائلڈ لائف سے 2 لاکھ 71 ہزار امریکی ڈالر کے عوض شکار کا اجازت نامہ حاصل کیا تھا۔ محکمہ وائلڈ لائف کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کشمیری مارخور کا شکار توشی کے مقام پر کیا گیا، مارخور کے سینگوں کی لمبائی 49 انچ ہے۔ چترال وائلڈ لائف ڈویژن کے ڈویژنل فاریسٹ آفیسر فاروق نبی نے بتایا کہ امریکی شہری رونالڈ جوڈن ایک بہترین شکاری کے طور پر سامنے آئے جنہوں نے اپنی آٹومیٹک رائفل سے انتہائی قریب سے مارخور کا شکار کیا۔

تبصرہ جات 19

مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار اور ڈاکٹر الھیٰ نے ثقافتی تبادلے اور یونیسکو سمیت کثیر الجہتی پلیٹ فارمز میں تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔

تبصرہ جات 20

ملے گا۔ اسکیم کے تحت 550 واٹ کا سولر سسٹم 019,52 گھرانوں کو فراہم کیا جائے گا جو ماہانہ 100 یونٹ تک استعمال کرتے ہیں جبکہ 100,1 واٹ کا سولر سسٹم ان لوگوں کے لیے مختص کیا جائے گا جو ماہانہ 200 یونٹ تک استعمال کرتے ہیں۔ صارفین شروع ہونے والی اسکیم کے لیے ویب سائٹ پر آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں یا اپنی تفصیلات 8800 پر ایس ایم ایس کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔ پورٹل میں اپلائی کرنے کیلئے بجلی بل کا ریفرنس نمبر دینا ہوگا۔ کرایہ دار مالک مکان سے این او سی حاصل کرے گا، سولر پلانٹو مالک مکان کے نام ہی جاری ہوں گے، فری سولر پینل اسکیم کیلئے کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی جائے گی، سال بھر ایک لاکھ سولر سسٹم تقسیم ہوں گے، اس اسکیم تک رسائی میں صارفین کی مدد کے لیے جلد ہی ایک ہیلپ لائن شروع کی جائے گی۔

تبصرہ جات 21

منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکٹریفکیشن کے فروغ کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، چیئرپرسن ٹاسک فورس برائے سکل ڈویلپمنٹ عدنان افضل چھجہ، ایڈیشنل ڈی جی پی ایس ڈی اے اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ معروف فیشن ڈیزائنر محمود بھٹی نے بھی اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ ڈی جی پی ایس ڈی اے صاحبزادی وسیمہ عمر نے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے اداروں کی رجسٹریشن اور فنی تعلیم کے جاری پروگراموں پر پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ فیشن ڈیزائنر محمود بھٹی کو فیشن ڈیزائننگ کے شعبے میں شاندار خدمات پر خیبر کالی سفیر مقرر کیا گیا۔ اجلاس میں فیشن ڈیزائنر محمود بھٹی کی خدمات کو سراہا گیا اور ان سے استفادہ کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ معیاری ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے جامع سکل ڈویلپمنٹ پالیسی دی گئی ہے۔ سرکاری سکولوں میں آٹھ سال سے میٹرک تک اسکیم شروع کی جارہی ہے۔ میٹرک تک میں فیشن ڈیزائننگ، ایگریکلچر سائنس، ہیلتھ سائنس اور کمپیوٹر سائنس کے مضامین شامل ہوں گے۔ میٹرک تک پروگرام اور نصاب کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

تبصرہ جات 22

کردی۔ گندم کی بوائی مکمل ہونی مگر پہلی بار اب تک امدادی قیمت کا اعلان نہیں کیا گیا۔ اس سے قبل حکومت ہر سال گندم کی بوائی کے موقع پر امدادی قیمت مقرر کرتی تھی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اجناس کی قیمتوں کے تعین میں حکومتی کردار کی مخالف ہے، آئی ایم ایف نے گنے اور گندم کی امدادی قیمت مقرر نہ کرنے کا کہا تھا۔ آئی ایم ایف اجناس کی قیمتوں کے تعین کے لیے فری مارکیٹ کا خواہاں ہیں۔

تبصرہ جات 23

چنائے کا کہنا ہے کہ سول نافرمانی ملک سے غداری ہے، ملک بہتری کی جانب گامزن ہے۔ آل سٹی تاجر اتحاد کے صدر حماد پونے والا نے کہا کہ پروپیگنڈا چلایا جارہا ہے، جان بوجھ کر ایسا کیا جارہا ہے۔ راول انسٹیٹیوٹ ہیلتھ سائنسز کے چیئرمین خاقان خواجہ نے کہا کہ سول نافرمانی ملک کے حق میں نہیں۔ ماہر معیشت چوہدری اکمل نے کہا کہ کمپنیوں نے انارکی جیسا ماحول پیدا کردیا، ریمیٹنس کم ہوں گی تو زرمبادلہ کے ذخائر پر بوجھ پڑے گا۔ آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر جاوید ارسلا خان نے کہا کہ معیشت بہتری کی طرف گامزن ہے۔ روات انڈسٹریل بورڈ کے چیئرمین چوہدری ندیم نے کہا کہ سول نافرمانی سے نقصان ہوگا۔ ایف سی سی آئی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین زاہد حسین نے کہا کہ دھرنے کی سیاست غلط ہوگی، قوم اکھٹے ہوکر مذموم ایجنڈے کا بائیکاٹ کرے۔ آئرن اسٹیل ملز کے صدر آصف مارقانی نے کہا کہ معیشت کو بہتر کرسکتے ہیں۔

تبصرہ جات 24

ہیں اور شہر کا درجہ حرارت 10 ڈگری تک آ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے سردی کی لہر 14 دسمبر تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ ادھر کم سے کم درجہ حرارت لاہور میں 8، اسلام آباد میں 3، پشاور میں 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ وادی کوئٹہ میں آج صبح کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ قلات میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 6، نوکنڈی میں صفر، گوادر میں 7، سبی میں 9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔ وادی زیارت میں بھی شدید سردی کا راج ہے، جہاں نلکیوں اور پائپوں میں پانی برف بن گیا۔ زیارت میں یخ بستہ ہوائیں چلنے سے نظام زندگی مفلوج ہوگیا اور گیس غائب ہو گئی۔ شدید سردی میں گیس نہ ہونے سے زیارت میں لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

تبصرہ جات 25

پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ فارم 45 والی حکومت میں بھی 7 فیصد ارب پتی ہوتے ہیں، وہ نہیں سمجھتے کے عوام کے مسائل کیا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین نے ہر ادارے کا ایک ضابطہ طے کیا ہے، سب کی ذمہ داری ہے اس کی پیروی کریں، پاکستان کی معیشت کا پورا انحصار عوام کو ریلیف دینے اور ٹیکس کم کرنے میں ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ آئی پی پیز سے بات ہورہی ہے لیکن بجلی کے ریٹ کم نہیں ہورہے، اس کا اثر بجلی کے بلوں میں آنا چاہیے، انرجی بحران بہتر ہوں گے تو ایکسپورٹ بہتر ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی ساری جماعتیں ہیں موجودہ ملکی حالات کی ذمہ دار ہیں، اگر کوئی سمجھ رہا ہے کہ آئی پی پیز سے ڈیل کرنے والی حکومت عوام کو سہولیات فراہم نہیں کرے گی اور ہم خاموش بیٹھیں گے ایسا نہیں ہوگا، ہم انتظار کررہے ہیں تحریک دوبارہ بھی چلائی جاسکتی ہے۔

تبصرہ جات 26

جنرل نعمت اللہ عابد بابر کے انتقال پر تعزیت کی۔ پیپلز پارٹی کے راہنماء اخونزادہ چٹان اور پیپلز یوتھ ونگ (پی وائی اے) کے صدر ہدایت اللہ خان بھی انکے ہمراہ تھے، انہوں نے مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نعمت اللہ عابد بابر ایک انتہائی قابل، دیانتدار اور فرض شناس شخصیت تھے، جنہوں نے اپنے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دیں۔

تبصرہ جات 27

کی درخواست ضمانت پر سماعت کی، شیر افضل مروت نے عدالت کو بتایا کہ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے میرے قومی اسمبلی والے الفاظ کی وجہ سے سماعت نہیں کی جس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ آپ ایسا نہ کیا کریں، شیر افضل مروت نے جج سے مکالمہ کیا کہ سرکیا کریں مجبور ہوجاتے ہیں، جب انصاف کا نظام تباہ ہوتا ہے تو سب تباہ ہو جاتا ہے۔ عدالت نے 3 مقدمات میں شیر افضل مروت کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ شیر افضل مروت کے خلاف تھانہ مارگلہ، رمنا اور سیکریٹریٹ میں مقدمات درج ہیں۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کے خلاف تھانہ کھنہ کے مزید دو کیسز میں ضمانت حاصل کرلی۔ اسلام آباد کی مقامی عدالت نے بھی شیر افضل مروت کو تھانہ کھنہ کے مزید دونوں مقدمات میں 16 دسمبر تک عبوری ضمانت دے دی۔ عبوری درخواست ضمانت پر سماعت ایڈیشنل سیشن جج راجہ آصف محمود خان نے کی، جس پر عدالت نے آئندہ سماعت پر رپورٹ طلب کرلیا۔

تبصرہ جات 28

اشرفیہ پہنچے جہاں انہوں نے مولانا فضل رحیم اشرفی کی خیریت دریافت کی۔ وزیر داخلہ نے مولانا فضل رحیم اشرفی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بعدازاں محسن نقوی کی وفاق المدارس کے سرپرست اعلیٰ مولانا فضل رحیم اشرفی اور دیگر اکابرین سے ملاقات ہوئی، جس میں دینی مدارس کے بل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مولانا فضل رحیم نے کہا کہ مدارس کے معاملات پر سیاست نہیں ہونی چاہیئے، مدارس کے ایشو پر ہم اپنا مثبت کردار ادا کریں گے، پنجاب میں بھی وفاق کی طرز پر مدارس محکمہ تعلیم کے ماتحت ہونے چاہئیں۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے مدارس کے حوالے سے مثبت کردار ادا کرنے کی یقین دہانی پر مولانا فضل رحیم کا شکریہ ادا کیا۔ مولانا فضل رحیم اشرفی نے دعا خیر کی جبکہ ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے بھی دعا کی گئی۔

تبصرہ جات 29

پاکستان کی آبادی میں اضافہ تیز، وسائل گھٹ رہے ہیں، گلوبل وارمنگ تباہی کا راستہ ہے، ملکی استحکام کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، 2018 میں ہم سے حکومت چھینی گئی تو ترقیاتی بجٹ ایک ہزار ارب پر چھوڑ کر گئے، 2022 میں ترقیاتی بجٹ کم ہو کر ساڑھے 700 ارب روپے رہ گیا تھا، ایک طرف آبادی کا دبا ؤ اور دوسری طرف وسائل کا سکڑنا ہے، 2018 میں بطور منصوبہ بندی وزیر دن کا آغاز اس سے کرتا تھا کہ کونسا نیا منصوبہ شروع کرنا ہے، اب دن کا آغاز اس سے کرتا ہوں کہ کونسے منصوبے سے بچت ہوسکتی ہے، ہم جن بادلوں میں گھرے ہوئے تھے اب آہستہ آہستہ چھٹ رہے ہیں، سٹاک مارکیٹ 30 ہزار پر گری ہوئی تھی وہ اب ایک لاکھ پوائنٹس کی حد عبور کرچکی ہے، ہم بھی اب ایکسویں صدی میں داخل ہوچکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں نجی یونیورسٹی میں سول انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام دوسری انٹرنیشنل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ انجینئرز کسی بھی معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

تبصرہ جات 30

نے ویڈیو میں خوبصورت نعت بھی سنائی، ساتھ ہی گرلز اسکول کے قیام کا مطالبہ کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پسماندہ علاقے کی باصلاحیت بچی کے مطالبے کو تسلیم کرلیا۔ اسکول قیام کے مطالبے کی فوری شنوائی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے اوچ میں گرلز اسکول کے قیام کی منظوری دے دی۔ ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا کہ محکمہ تعلیم نے درس وتدریس کے سلسلے کے آغاز کے لئے کارروائی شروع کردی۔

تبصرہ جات 31

اور مری میں بھی برف باری جاری ہے۔ کاغان و یلی، ناران اور شوگران میں برف باری وقفے وقفے سے جاری ہے، ترجمان کاغان ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے مطابق ناران بازار میں ایک انچ تک برف پڑچکی ہے۔ آزاد کشمیر اٹھ مقام کے بالائی علاقوں جاگران، لوات بالا، اڑنگ کیل، گریس، شونٹر میں برف باری جب کہ زیریں علاقوں میں بارش جاری ہے۔ گلگت بلتستان کے ضلع استور میں برف باری سے موسم سرد ہے، ملکہ کوہسار مری میں بھی بارش اور برف باری وقفے وقفے سے جاری ہے۔

تبصرہ جات 32

پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب، شاہنامہ نگزار، ارباب شیر علی، ارباب عامر ایوب، آصف خان کی راہداری ضمانت درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے عمر ایوب کو فیصل آباد مقدمے میں 9 جنوری تک راہداری ضمانت دے دی جبکہ شاہنامہ نگزار، ارباب شیر علی، عامر ایوب اور آصف خان کو 3 ہفتے کی راہداری ضمانت دیدی۔ کیس کی سماعت چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کی، وکیل درخواست گزار مظہر بٹ ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزاروں کے خلاف 3 مقدمات اسلام آباد اور ایک مقدمہ فیصل آباد میں درج کیا گیا ہے۔ عمر ایوب نے عدالت کو بتایا کہ میرے خلاف فیصل آباد میں مقدمہ درج ہے، حفاظتی ضمانت کے باوجود مجھے پیشی کے وقت راولپنڈی میں گرفتار کیا گیا۔ عمر ایوب نے استدعا کی کہ فیصل آباد والے کیس میں وقت دے

وزیرخزانہ پنجاب زیر صدارت کابینہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے قانون سازی و نیکاری کا اجلاس

صوبائی وزیر برائے لوکل گورنمنٹ ڈیپلش رفیق اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے 20 سفارشات زیر بحث لائی گئیں

تعلیمی نصاب، اساتذہ کی تربیت اور کارکردگی کے جائزے کے لیے ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کی منظوری اور سکول مینجمنٹ کونسل پالیسی 2024 کا جائزہ لیے ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کی منظوری اور سکول مینجمنٹ کونسل پالیسی 2024 کا جائزہ لیتے ہوئے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 33

پاکستان میں پنجاب کا میڈیکل کا سسٹم سب سے بہتر ہے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں عوام کی خدمت کا سفر جاری رہے گی، مؤثر صحت پنجاب سلمان رفیق کی فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے کانووکیشن میں خصوصی شرکت

فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی ٹیکنیکل انتہائی پروفیشنل ہے۔ ایک ڈاکٹر کی کامیابی اس کے مریضوں کی دعاؤں میں چھپی ہوتی ہے

شرکت کی۔ وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق چغتائی نے بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی۔ کانووکیشن میں پبلک پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے سربراہان، وائس چانسلرز، پرنسپلز، پروفیسرز اور AFJOG کے ممبران نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالدہ مسعود گوندل نے ڈیجیٹل کے ہمراہ تمام معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔ پرنسپل پروفیسر

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 34



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے چھٹے کانووکیشن کے موقع پر ڈیجیٹل کے ہمراہ گروپ فوٹو



منی لانڈرنگ کا مقدمہ، مونس الٰہی کی اہلیہ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد کرپشن سیشن کورٹ نے منی لانڈرنگ کے مقدمے میں پی ٹی آئی کے رہنما مونس الٰہی کی اہلیہ کو طلب کر لیا۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے بیٹے راج الٰہی اور دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ وکیل نے کہا کہ مقدمے میں نامزد خواتین کو مستقل طور پر پیشی سے استثنیٰ دیا جائے۔ عدالت نے کہا کہ پہلے ایک دو ساتھیوں کو میں پیش ہوں جس کے بعد خواتین کی پیشی سے استثنیٰ کے درخواست منظور کریں گے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ایف آئی اے سے اسی کیس میں بیانوں پر مقدمہ درج کیا ہے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 38

سزائے موت کے تین ملزمان کی اپیلیں منظور، بری کرنے کا حکم

ملزمان شفیق، الیاس اور عالم شیر پر شہری اظہر رشید کو قتل کرنے کا الزام تھا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سزائے موت کے تین ملزمان کی اپیلیں منظور کر کے بری کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے اپیلوں پر سماعت کی، ملزمان کی جانب سے ایڈووکیٹ حسنین ایوب، ایڈووکیٹ ثاقب جاوید اور ایڈووکیٹ ذوالفقار علی نے دلائل دیے۔ استغاثہ کے مطابق ملزمان کی شناخت پریڈ قانون کے مطابق نہیں کروائی گئی، دلائل سننے کے بعد عدالت نے تینوں ملزمان شفیق، الیاس اور

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 38

ڈی چوک اجتماع، گرفتار 19 ملزمان 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے ڈی چوک اجتماع کے گرفتار 19 ملزمان کو 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ ڈی چوک میں اجتماع کے معاملے پر گرفتار 19 ملزمان کو عدالت میں پیش کیا گیا، ملزمان کو انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین کے سامنے میں پیش کیا گیا۔ پراسیکیوٹر اعزاز فیدیہ نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان کے خلاف قائداعظم لائبریری تھانے میں مقدمہ درج ہے، ہرآدمیاں کرنی ہیں، ملزمان کا کفیل بھی ملزم ہے، 11 ملزمان کے اثاثہ جات کی تحقیقات کرنی ہیں، ملزمان کا کفیل بھی کئی مقدمات میں ملزم ہے، انکشافات کیے گئے۔

جوڈیشل کمیشن کا 14 دسمبر کو ہونے والا اجلاس موخر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا 14 دسمبر کو ہونے والا اجلاس موخر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس ہائی کورٹس کے لیے اپیلیٹ بنچز کے ناموں پر غور ہونا تھا۔ اجلاس اور بلوچستان ہائی کورٹس کے ججز کی ہنوزی کا عمل 21 دسمبر تک مؤخر کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ 28 دسمبر کو بلوچستان ہائی کورٹس کے لیے نامزد ججز بھی 21 دسمبر تک مؤخر کر دی گئیں۔



لاہور ہیوی مکینک بلال یاسین جیالوجی پارک میں گل بوٹا دوری کی نمائش کا دورہ کر رہے ہیں

پنجاب کے سرکاری سکولوں میں موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد

محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کر دی گئیں، ضلعی و تحصیل ایجوکیشن افسران اور سکول سربراہوں کو ایجوکیشن اتھارٹیز کی ہدایت پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نئی گائیڈ لائنز کے مطابق اساتذہ، طلبہ اور نان ٹیچنگ سٹاف تدریسی اوقات میں موبائل فون ہیڈ ٹیچر کے پاس جمع کرائیں گے، سٹاف کیلئے ڈریس کوڈ اور بنڈ شوز پہننا لازمی ہوگا۔

مدارس رجسٹریشن بل کی منظوری میں تاخیر کی وجہ کیا ہے، علامہ پروفیسر ساجد میر

مدارس کے الحاق، طلبا کے وظائف کا زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں، جہاں مفت تعلیم فراہم کی جاتی ہے

میرے علم کے مطابق اس اجتماع کے بعد اس بل کو منظوری میں تاخیر ہوئی ہے، ان خدشات کا اظہار کیا گیا کہ مدارس میں رجسٹریشن کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا، ہم نے بل مدارس کی رجسٹریشن کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال نہ کئے جانے پر زور دیا ہے، تاخیر کی وجہ یہ بھی ہے اور پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانے میں ہمیشہ سے کردار ادا کرتے آئے ہیں، اب بھی تیار ہیں۔ دہشت گردی کی ہر سطح پر مذمت کرتے ہیں۔ یہ

موبائل وزیر اطلاعات کے نام پر 14 لاکھ کا فراڈ، پی ایس او نے مقدمہ درج کرا دیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات کے نام پر فراڈ کرنے والے گھنٹہ کے خلاف مقدمہ درج کرایا گیا، مقدمہ صوبائی وزیر کے پی ایس او کی عہدیدار کی مدعیت میں درج کیا، ملزم نے 35 لاکھ روپے کا تین روپے کے مطابق صوبائی وزیر کے پی ایس او کی درخواست پر مقدمہ درج کرایا، ایف آئی اے سائبر تھانہ میں مقدمہ درج کیا گیا، ملزم نے 504,408 اور 506 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرایا، ایف آئی اے سائبر تھانہ کے ایس ایچ او ذوالفقار حمید کی درخواست پر مقدمہ قلمبند کیا گیا، مقدمہ درج کیا، ملزم نے 35 لاکھ روپے کا تین روپے کے مطابق صوبائی وزیر کے پی ایس او کی درخواست پر مقدمہ درج کرایا، ایف آئی اے سائبر تھانہ میں مقدمہ درج کرایا، ایف آئی اے سائبر تھانہ کے ایس ایچ او ذوالفقار حمید کی درخواست پر